فوری ریلیز کے لیے: 01/08/2022 ***گورنر KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL کا اورنج کاؤنٹی میں I-87 پر $6.7 ملین کی لاگت سے سڑکوں کے بغلی راستوں کو بہتر بنانے کا منصوبہ شروع کرنے کا اعلان

منصوبے میں تھرو وے (تیز رفتار راستوں) کی مرمت اور بحالی شامل ہے

حفاظتی اصلاحات میں نئے جنگلے، پٹیاں اور قابلِ سماعت روڈ ڈیلینیٹر شامل ہیں

کام کا بہار 2023 میں مکمل ہونا متوقع

گورنر Kathy Hochul نے آج اورنج کاؤنٹی میں ریاست نیو یارک کے تھرو وے I-87 پر $6.7 ملین کی لاگت سے سڑکوں کے بغلی راستوں کو بہتر بنانے کا منصوبہ شروع کرنے کا اعلان کیا۔ اس کام میں ووڈبری سے لے کر کے ہیریمین میں ایگزٹ 16 کے بالکل شمال تک 2.5 میل کا فاصلہ، ایک راہداری جس میں روزانہ تقریباً 92,000 گاڑیاں سفر کرتی ہیں، شامل ہو گا۔

گورنر Hochul نے کہا، "لوئر ہڈسن ویلی کی یہ راہداری جنوبی اورنج کاؤنٹی میں تجارت اور روٹ 17 استعمال کرنے والے موٹرسائیکلوں کے لیے ایک مرکزی سڑک ہے، اور اس منصوبے میں سرمایہ کاری سے حفاظت میں اضافہ ہو گا اور مسافروں اور تجارتی گاڑیوں کے لیے سواری کی سطح کو بہتر بنایا جائے گا۔" "میری انتظامیہ نے ہمارے نقل و حمل کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر نو کو اولین ترجیح بنایا ہوا ہے، اور یہ تازہ ترین سرمایہ کاری لوگوں اور سامان کے لیے بہتر اور محفوظ سفر کو یقینی بنانے میں مدد دے گی۔"

اس منصوبے میں سنگِ میل 43.5 سے سنگِ میل 46 تک دو انچ گہرائی تک پرانی بجری اکھاڑنے اور بجری کی نئی تہہ بنا کر شمالاً جنوباً سڑک کی تین لینوں کی تعمیر نو شامل ہے، جس سے کُل 15 میل کی لین سے زائد فاصلے کا احاطہ ہو گا۔ مزید برآں، ایگزٹ 16 (ہیریمین تا یو ایس روٹ 6 تا این وائے روٹ 17) پر شمال کی طرف جانے والے ریمپ پر کنکریٹ کی سلیبیں نکال کر تبدیل کر دی جائیں گی۔ حفاظتی اصلاحات میں نئے جنگلے،اضافی انعکاسی پٹیاں اور کناروں پر نئے قابلِ سماعت روڈ ڈیلینیٹر شامل ہیں۔

تھرو وے اتھارٹی کا منظور شدہ سنہ 2022 کا بجٹ تھرو وے کے کیپٹل پروگرام کی کفالت کے لیے کل $397 ملین کی سرمایہ کاری کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، سنہ 2026 تک، تھرو وے کے کیپیٹل پروگرام کا سرمایہ کاری کے منصوبوں میں $1.9 بلین کی سرمایہ کاری کرنا طے شدہ ہے۔ اس میں تھرو وے پر نظام گیر منصوبوں کے لیے $1.65 بلین ڈالر شامل ہیں۔

تھرو وے اتھارٹی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Matthew J. Driscoll نے کہا، "یہ تھرو وے کا ایک اہم حصہ ہے کیونکہ یہ جنوبی اورنج کاؤنٹی میں ایک اہم اور مقبول تجارتی مرکز، بشمول ووڈبری کامن پریمیم آؤٹ لیٹس (Woodbury Common Premium Outlets)، کو خدمات فراہم کرتا ہے۔ ہم ایسے منصوبوں میں سرمایہ کاری

کے لیے پُرعزم رہے ہیں جو مسافروں، سیاحوں اور کاروباروں کو ڈرائیونگ کا ایک محفوظ اور قابلِ اعتماد احساس فراہم کرتے ہیں۔"

ریاستی سینیٹر James Skoufis نے کہا، "میں ان ضروری اصلاحات کو ہوتے ہوئے دیکھ کر بہت پُرجوش ہوں اور میں یہاں کے مکینوں کے صبر و تحمل سے کام لینے پر ان کا شکر گزار ہوں کیونکہ تھرو وے اتھارٹی 92,000 گاڑیوں کی جانب سے اس منصوبے کو مکمل کرتی ہے جو ہر روز اس 2.5 میل کے فاصلے پر سفر کرتی ہیں۔ گورنر اور قانون ساز شرکائے کار کے ساتھ کام کرتے ہوئے، بنیادی ڈھانچے کی یہ ناگزیر مرمتیں ترجیحات میں شامل ہیں جن کے لیے میں بجٹ کے ہر موسم میں جدوجہد کرتا ہوں۔"

رکنِ اسمبلی Colin J. Schmitt نے کہا، "ووڈبری شہر میں مرمت اور حفاظت میں بہتری کے لیے ریاست نیویارک تھرو وے میں 6.7 $ ملین کی سرمایہ کاری سے مقامی باشندوں اور مہمانوں کو یکساں طور پر فائدہ ہو گا۔ میں ساتھی حکومتی قائدین کے ساتھ مل کر اس منصوبے کی اور اس کے اُن مثبت اثرات کی مکمل حمایت کرتا ہوں اس سڑک کے راستے پر پڑیں گے جو ہڈسن ویلی اور پورے شمالی نیویارک کے داخلی راستے کا کام انجام دیتی ہے۔"

اورنج کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Steven M. Neuhaus نے کہا، "یہ اورنج کاؤنٹی کے مسافروں اور مہمانوں کے لیے ایک اہم منصوبہ ہے اور میں تھرو وے پر اس اہم مرکز پر توجہ دینے کے لیے گورنر کا شکر گزار ہوں۔ یہ بہتریاں ہمیں اقتصادی طور پر اس اہم راہداری کی ترقی کے لیے ووڈبری کامن اور لیگولینڈ نیویارک جیسے پرکشش مقامات کے ساتھ مارکیٹنگ جاری رکھنے کے قابل بنائیں گی۔"

ٹریفک پر اثرات کو کم کرنے کے لیے تمام کام راتوں رات ہوں گے اور توقع ہے کہ یہ منصوبہ سنہ 2023 کے موسم بہار میں مکمل ہو جائے گا۔

اس منصوبے کا ٹھیکہ Kubricky Construction Corp., of Wilton, N.Y. کے پاس ہے۔

تعمیراتی کام کے دوران موٹرسائیکلوں کو شفٹوں میں چلنے والی ٹریفک اور بار بار رکنے کے ساتھ ہائی وے پر لین بند ہونے کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ تمام کام موسم پر منحصر اور تبدیلی سے مشروط ہے۔

گاڑی چلانے والوں کو چوکس رہنے اور کام کے علاقے میں آویزاں کردہ حدِ رفتار کی پابندی کرنے ترغیب دی جاتی ہے اور یاددہانی کروائی جاتی ہے کہ کام کے علاقوں میں تیز رفتاری پر جرمانے دوگنا کر دیئے گئے ہیں۔ کام کے علاقے میں حفاظتی ایکٹ مجریہ 2005 (Work Zone Safety Act of 2005) کے مطابق، کام کے علاقے میں تیز رفتاری کی دو یا دو سے زیادہ خلاف ورزیوں کی سزا کے نتیجے میں کسی فرد کا ڈرائیور لائسنس معطل ہو سکتا ہے۔

ٹریفک کے موجودہ تازہ ترین حالات جاننے کے لیے thruway.ny.gov پر جائیں۔ گاڑی چلانے والے تھرو وے اتھارٹی کی مفت موبائل ایپ بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں اور ٹریفک کی معلومات کے لیے TRANSalerts کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔

###